ilmkidunya

# Islamiat (Urdu Medium) - FSC Part 1 Islamiat Short Questions Preparation

Q1. ادائیگی زکٰوۃ کے دو اصول لکھیں.

**Ans 1:** 1.زکٰوۃ صرف مسلمانوں سے ہی لی جا سکتی ہے 2.زکٰوۃ کی رقم سے ضروریات کی اشیاء بھی خرید کر دی جا سکتی ہیں.

---

Q2. توحید فی الصفات باری تعالی سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** توحید فی الصفات سے مراد یہ ہے کہ اللہ ایسی صفات کا مالک ہے جو کسی اور فرد میں موجود نہیں.وہ اپنے علم ،قدرت،ارداہ،بصر،غرض،ہر صفت میں یکتا اور بے مثل ہے.

---

Q3. غیبت اور اتہام میں کیا فرق ہے؟

**Ans 1:** غیبت سے مراد کسی شخص کی عدم موجودگی میں اس کی برائی کرنا جو اس میں موجود ہے،اس کے متعلق بہت سضت عید آئی ہوئی ہے.اور ایسے شخص کو مردہ بھائی کا گوشت کھانے کو تشبیہ دیا ہو،

**Ans 2:** اتہام سے مراد کسی شخص کا ایسا عیب بیان کرنا کو واقعتا اس میں موجود نہ ہو اور یہ ڈبل گناہ ہے کہ صرف کسی ذاتی وجہ سے کوئی شخص کسی شخص پر ایسا الزام لگائے کہ جو اس میں نہ ہو،بظاہر یہ بھی ایک بڑا ظلم اورزیادتی ہے.

---

Q4. ایثار پر نوٹ لکھیں.

**Ans 1:** دنیا پرستی اگر انسان کو خود غرضی اور مفاد پرستی سکھاتی ہے تو خدا پرستی اس میں جذبہ ایثار پیدا کرتی ہے ،وہ خود تکلیف اٹھا کر خلق خدا کو راحت و آرام پہنچاتا ہے،اس کا عمل اللہ کی بارگاہ میں شرف قبولیت پائے گا.اور اخروی نعمتوں کے حصول کا سبب بنے گا.

---

Q5. "اِنَما ـ بُعُثُ مُعَلِّماً" کا ترجمہ لکھیں.

**Ans 1:** ترجمہ: "بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے".

---

Q6. صلح رحمی کے دوفائدے تحریر کریں.

**Ans 1:** اسلام رشتہ داری کے حقوق پر بہت زور دیتا ہے،کیونکہ اگر خاندان کے افراد ایک دوسرے کے حقوق اچھے طریقے سے ادا کرتے رہیں تو پورے خاندان میں محبت اور اپنائیت کی فضا قائم ہو گئی،مگر دوسری صورت میں نفتر پیدا ہوگی، قرآن و حدیث دونوں میں صلہ رحمی یعنی رشتہ داروں سے حسن سلوک کی بار بار تلقین کی گئی ہے نبی کریم(ص) نے فرمایا:" رشتہ داروں سے تعلق توڑنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا".

---

Q7. نصاب زکوۃ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** زکوٰۃ ان لوگوں پر فرض ہے جن کے پاس ایک خاص مقدار میں سونا چاندی ،روپیہ یا سامان تجارت ہو،اس خاص مقدار کو نصاب اور ایسے لوگوں کو صاحب نصاب کہتے ہیں.

---

Q8. جہاد اکبر کی کونسی اقسام ہیں؟

**Ans 1:** 1.خواہش نفس کے خلاف جہاد 2.جہاد بالسیف 3.خواہش نفس کے خلاف جہاد

---

Q9. اسلامی تعلیمات کی رو سے طبی علم کی کیا اہمیت ہے؟

**Ans 1:** ".اسلامی تعلیمات کی رو سے طبی علم کی بہت زیادہ اہمیت ہے.قرآن مجید میں ارشاد ہے "جو کچھ زمینمیں ہے وہ سب اللہ نے انسان کے لئے پیدا کیا ہے

---

Q10. .آپ(ص) کے کے لیے رحمت تھے دو سطروں میں لکھیں

**Ans 1:** حضرت محمد(ص) تمام جہانوں کے لیے رحمت تھے ،آپ(ص) کی رحمت عام تھی اور آپ(ص) کی رحمت عورتوں ،یتیموں بچوں،بوڑھوں ،بیواؤں غلاموں حتی کہ .جانوروں اورکافر کو بھی شامل تھی

---

Q11. .قرآن مجید کی چار خصوصیات لکھیں

**Ans 1:** 1..قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے خود لیا 2.قران مجید ہر قسم کے اختلاف و تضاد سے پاک کتاب ہے. 3. قرآن پاک کےہر حرف 10 نیکیاں ملتی ہیں 4.دنیاوی کتابوں کی طرح اس کا بار بار ایک بلکہ ہزار بار پڑھنے سے اکتاہٹ نہیں ہوتی

---

Q12. رشتہ مواخات کا انصار مدینہ پر کیا اثر ہوا؟

**Ans 1:** رشتہ مواخات کے تحت رسول(ص) نے ہر مہاجرین کو کسی انصاری کا دینی بھائی بنا دیا اور اس طرح محبت کا ایسا رشتہ قائم فرما دیا جس کی مثال تاریخ عالم .میں نہیں ملتی،انصار کا یہ حال تھا کہ وہ اپنے مکانات ،باغات اور کھیت آدھے آدھے بانٹ کر برضا و رغبت اپنے دینی بھائیوں کو دے رہے تھے

---

Q13. .زکوۃ کے دو معاشرتی فوائد لکھیں

**Ans 1:** 1.اگر زکٰوۃ ادا نہ کی جائے تو صاحب ثروت دونوں طبقوں میں حسد اور حقارت لے علاوہ کوئی اور رشتہ باقی نہیں رہے گا. 2.ادائیگی زکٰوۃ سے امرا اور غربا .میں محبت کی فضا برقرار رہتی ہے اور امراء کو غرباء کی تکالیف کا احساس ہوتا ہے

---

Q14. .آپ(ص) کی یتیموں پر شفقت کی ایک مثال لکھئے

**Ans 1:** یتیموں اور غریبوں کے لیے حضور(ص) کی ذات گرامی سراپا رحمت ہے.آپ(ص) سے پہلے یتیموں اور بیواؤں کا کوئی والی نہیں تھا،آپ(ص) نے یتیموں کی ".نگہدشت کی فضیلت بیان کرتے ہوئے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کو ملا کر فرمایا، ترجمہ:"میں اور یتیم کی نگہداشت کرنے والا بہشت میں یوں ساتھ ساتھ ہوں گے

---

Q15. .وجد باری تعالی پر ایک آیت قرآنی کا ترجمہ لکھیں

**Ans 1:** ".ترجمہ :"کیا اللہ میں شبہ ہے جس نے بنائےآسمان اور زمین

---

Q16. .حدیث کی دو اقسام لکھیں

**Ans 1:** حدیث کی دو اقسام درج ذیل ہیں 1.حدیث قولی 2.حدیث فعلی

---

Q17. رجائیت اور اطمینان قلب پر مختصر نوٹ لکھیں.

**Ans 1:** عقیدہ توحید کوماننے والا مایوس اور نا امید نہیں ہوتا،وہ ہر وقت اللہ کی رحمت پر آس لگائے رکھتا ہے،کیونکہ وہ جانتا ہے اللہ اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے،وہ تمام خزانوں کا مالک ہے اور اس کا فضل و کرم بے حد و حساب ہے،انسان جس قدر دل کو اللہ کی طرف متوجہ کرتا ہے اس کے دل کو انتہائی اطمینان نصیب ہوتا ہے.

---

Q18. انبیاء اکرام کی چار خصوصیات لکھیں.

**Ans 1:** 1.امین 4.واجب اطاعت 3.معصومیت 2.بشریت

---

Q19. صفات میں شرک کا مفہوم لکھیں.

**Ans 1:** صفات میں شرک کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ جیسی صفات کسی دوسرے میں جاننا، اس جیسا علم ،قدرت یا ارادہ کسی دوسرے کے لیے ثابت کرنا،کسی دوسرے کو ازلی اور ابدی سمجھنا یا قادر مطلق تصور کرنا.

---

Q20. ہم دہشت گردی سے کیسے نجات پاسکتے ہیں؟

**Ans 1:** موجودہ دور میں دہشت گردی ایک ایسا خطرناک اور افسوسناک نیٹ ورک ہے جس کے لیے حفظ ماتقدم کے طور پر چند پیشگی احتیاطی انتظامات کرنا ضروری ہے، جن میں چند ایک مندرجہ ذیل ہیں 1.ماحول کیخواتین اور حضرات کو دہشت گردی سے متعلق معلوماتی مکمل آگاہی رکھنی چاہیے یا پھر جہاں لوکل سطح پر اس کی ٹرینگ دی جا رہی ہے وہاں کا وزٹ دونوں کو کرنا چاہیےتا کہ اس کی بنیادی ضرورت سے آگاہ ہو جائیں. 2سرکاری اور پرائیوٹ نشریاتی اداروں پر بھی اس موضوع پر معلوماتی ڈاکو منٹری فلم سے عام الناس کو معلومات فراہم کی جائیں .

---